ادبیات

فکرِ روش

از جناب روشؔ صاحب صدیقی

خبر بھی ہے تجھے اے حسنِ روپوش　　نگاہیں ہو چلی ہیں خود فراموش
نقابِ زندگانی اٹھ رہا ہے　　مگر انساں ہوا جاتا ہے روپوش
در و دیوار کا کب تک سہارا　　مبارک اے حیاتِ خانہ بردوش
حریمِ غم ہو یا ایوانِ عشرت　　چراغِ صبح کو ہونا ہے خاموش
بہ قیدِ ظرف کب تک بادۂ غم　　خداوندا! بہ قدرِ ذوقِ مینوش
شکستِ نغمۂ دل کو، زمانہ　　بہت سمجھا تو سمجھا جنتِ گوش
خرابِ جستجو ہیں، جام و مینا　　کہاں پہنچا ترا آوارۂ ہوش
کسے اب فرصتِ تعبیرِ ہستی　　مری آنکھیں، ترا خوابِ فراموش

روشؔ کیا شکوۂ جادو نگاہاں
یہ دل کچھ کم نہیں غارتگرِ ہوش